## 2795 ـ مال میں نصاب کیا ہے ؟

**سوال**

نوٹوں میں زکاۃ کا نصاب کیا ہے، اور کیا نقدی یعنی نوٹوں میں سونے کے نصاب کو مد نظر رکھا جائے گا یا کہ چاندی کے نصاب کو ؟

**پسندیدہ جواب**

الحمد للہ.

ڈالر، روپے اور ریال وغیرہ میں زکاۃ کا نصاب بیس مثقال سونا یا ایک سو چالیس مثقال چاندی کی قیمت کے برابر ہو گا، اور یہ قیمت اس وقت کی ہو گی جب زکاۃ فرض ہوتی ہے، یعنی جب زکاۃ واجب ہو تو سونے یا چاندی کی اس وقت کی قیمت کے مطابق ڈالر وغیرہ میں لگائی جائےگی، کیونکہ فقراء اور مساکین کو اس میں زیادہ فائدہ ہے، کہ سونے اور چاندی کی قیمت میں بہت زیادہ فرق ہے، اور پھر ملک اور علاقے مختلف ہونے کی بنا پر بھی قیمت مختلف ہوتی ہے.

دیکھیں: فتاوی اللجنۃ الدائمۃ للبحوث العلمیۃ والافتاء ( 9 / 257 ) ( 9 / 254 ).

اور یہ دیکھتے ہوئے کہ اس وقت چاندی کے نصاب کی قیمت سونے کے نصاب کی قیمت سے کم ہے، تو اس بنا پر اگر ایک شخص کے پاس چاندی کے نصاب کی قیمت کی کرنسی اس کے پاس ہو تو وہ زکاۃ ادا کرے گا، اور چاندی کا نصاب تقریبا ( 595 ) گرام بنتا ہے، لہذا اتنی قیمت کی کرنسی کا مالک انسان سال گزرنے پر اپنے پاس موجود کرنسی میں ہر ایک ہزار پر اس کرنسی کے پچیس ادا کرے گا.

واللہ اعلم .